نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرِاعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے چوتھے مرحلے کے بل کی بروقت ادائیگی پر کروڑوں روپے کے انعامات کی تقسیم کیلئے زراعت ہاؤس لاہور میں تقریب کا انعقاد

پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اُسامہ خان لغاری کی بطور مہمانِ خصوصی شرکت

لاہور 06 نومبر 2026: وزیرِ اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے چوتھے مرحلے کے بل کی بروقت ادائیگی کرنے والے کاشتکاروں کی شفاف قرعہ اندازی کے بعد انعامات جیتنے والے خوش نصیب کاشتکاروں میں ٹریکٹرز، موٹر سائیکلیں اور موبائل فون تقسیم کرنے کے لیے زراعت ہاؤس لاہور میں تقریب کا انعقاد ہوا، جس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اُسامہ خان لغاری نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔تقریب میں اسپیشل سیکرٹری زراعت پنجاب آغا نبیل اختر، ڈائریکٹر جنرل زراعت انفارمیشن نوید عصمت کاہلوں، چوہدری عبدالحمید، بینک آف پنجاب کی جانب سے نوفل داؤد اور دیگر متعلقہ افسران سمیت انعامات جیتنے والے کاشتکاروں نے شرکت کی۔ایسے کاشتکار جنہوں نے 5 نومبر تک رقم جمع کرائی، اُن میں سے شفاف قرعہ اندازی کے ذریعے صوبہ بھر سے 420 کاشتکاروں کو منتخب کیا گیا، جبکہ آج منعقدہ تقریب میں 4 خوش نصیب کاشتکاروں کو ٹریکٹرز، 5 کاشتکاروں کو موٹر سائیکلیں اور 3 کاشتکاروں کو موبائل فونز کے انعامات دیے گئے۔ایسے کاشتکار جو 15 نومبر تک اپنے کسان کارڈ کے بل کی ادائیگی یقینی بنائیں گے، انہیں بھی قرعہ اندازی میں شامل کر کے انعامات دیے جائیں گے۔اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اُسامہ خان لغاری نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انعامات جیتنے والے کاشتکاروں کو مبارک باد دی اور کہا کہ کسان کارڈ وزیرِ اعلیٰ پنجاب کا کسان دوست اقدام ہے، جس کے تحت کاشتکاروں کو اربوں روپے کے بلاسود قرضے فراہم کیے گئے تاکہ وہ فصل کی کاشت سے برداشت تک اپنی ضروریات پوری کر سکیں اور انہیں مڈل مین سے نجات حاصل ہو سکے۔انہوں نے کہا کہ بل کی بروقت ادائیگی کا نتیجہ ہے کہ آج آپ کو انعامات دیے جا رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ کسان کارڈ کے واجبات بروقت ادا کرنے والے کاشتکاروں میں ٹریکٹرز اور موٹر سائیکلوں کی تقسیم اُن کی حوصلہ افزائی کا عملی اظہار ہے۔اس اقدام سے نہ صرف قرضوں کی بروقت ادائیگی کے رجحان کو فروغ ملے گا بلکہ زرعی شعبے میں جدید مشینری کے استعمال میں بھی اضافہ ہوگا۔اُسامہ خان لغاری نے کہا کہ وزیرِ اعلیٰ پنجاب نے امسال گندم کی مجوزہ قیمت 4,500 روپے فی

من مقرر کی ہے۔ کسان کارڈ کے تحت ربیع سیزن میں گندم کے کاشتکاروں کو زرعی مداخل کی خریداری کے لیے 150 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ کسان کارڈ کے ذریعے ڈی اے پی کھاد کی خریداری کے لیے 17 ارب روپے کی اضافی بلاسود رقم بحساب 3,500 روپے فی ایکڑ فراہم کی گئی ہے۔ کاشتکار گندم کی بروقت قطاروں میں زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت یقینی بنائیں اور محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ اقسام کا تصدیق شدہ بیج استعمال کریں۔

اس موقع پر اسپیشل سیکرٹری زراعت پنجاب آغا نبیل اختر نے کہا کہ کسان کارڈ وزیرِ اعلیٰ پنجاب کا فلیگ شپ پروگرام ہے، جو کاشتکاروں کی معاشی ضروریات بروقت پوری کرنے میں معاون ثابت ہو رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسان کارڈ کے بل کی ادائیگی کے بعد 48 گھنٹوں کے اندر تمام رقم دوبارہ کسان کارڈ ہولڈرز کے اکاؤنٹس میں کریڈٹ کر دی جاتی ہے۔

☆☆☆☆